ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا : تم سدا صحت مند رہو گے، کبھی بیمار نہیں ہو گے تم سدا زندہ رہو گے، کبھی نہیں مرو گے تم سدا جوان رہو گے، کبھی بوڑھے نہیں ہو گے تم سدا ناز و نعمت میں رہو گے، کبھی پریشان نہیں ہو گے

ابو سعید خدری اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا : تم سدا صحت مند رہو گے، کبھی بیمار نہیں ہو گے تم سدا زندہ رہو گے، کبھی نہیں مرو گے تم سدا جوان رہو گے، کبھی بوڑھے نہیں ہو گے تم سدا ناز و نعمت میں رہو گے، کبھی پریشان نہیں ہو گے" اسی کا ذکر اللہ تعالی کے اس فرمان میں ہے : "انھیں پکار کر کہا جائے گا : یہی وہ جنت ہے، جس کے وارث تم ان اعمال کی وجہ سے بنائے گئے ہو، جو تم کیا کرتے تھے" [سورہ اعراف : 43]
[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ اہل جنت جب جنت کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو رہے ہوں گے، تو ایک پکارنے والا پکار کر کہے گا: یہاں تمہارے لیے اس بات کا انتظام ہے کہ تم سدا صحت مند رہو گے اور کوئی چھوٹی سے چھوٹی بیماری بھی تمہارے پاس نہ آئے گی تم سدا زندہ رہو گے اور تم کو کبھی موت نہیں آئے گی نیند بھی نہیں، جو موت کی چھوٹی شکل ہے تم ہمیشہ جوان ہی رہو گے اور بڑھاپا تمہارے قریب سے بھی نہ گزرے گا یہاں تم ہر طرح کی نعمتوں میں رہو گے نہ غم ہوگا، نہ فکر ہوگی اسی کا ذکر اللہ عز و جل کے اس فرمان میں ہے : {ونُودُوا أنْ تلكم الجنة أورثتموها بما كنتم تعملون} [الأعراف: 43]. "یعنی انھیں پکار کر کہا جائے گا : یہی وہ جنت ہے، جس کے وارث تم ان اعمال کی وجہ سے بنائے گئے ہو، جو تم کیا کرتے تھے"

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/8341